’’رب تعالی بندے کے سب سے نزدیک رات کے آخری حصے میں ہوتا ہے‘‘

ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ انہوں نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کو کہتے ہوئے سنا : ’’رب تعالی بندے کے سب سے نزدیک رات کے آخری حصے میں ہوتا ہے لہذا اگر تم ان لوگوں میں شامل ہو سکتے ہو، جو اس وقت اللہ تعالی کو یاد کرتے ہیں، تو ہو جاؤ‘‘

[صحيح] [رواه أبو داود والترمذي والنسائي]

نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ بندے اپنے رب سے سب سے زیادہ قریب رات کے آخری تہائی حصے میں ہوتا ہے اس لیے ہر شخص کی کوشش ہونی چاہیے کہ رات کے اس حصے میں جاگ کر اللہ کی عبادت کرے، نماز پڑھے، ذکر و اذکار میں مشغول رہے اور توبہ کرے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3236